سوال

(241) کیا سیکولر جماعتوں کو ووٹ دینا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پاکستان میں ممکنہ انتخابات میں کسی سیکولر جماعت یا کسی غیر مذہبی جماعت کو ووٹ دینا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

پاکستان ایک مسلم ملک ہے اور اسے اسلام کے نام پر قائم کیا گیا تھا مگر بد قسمتی سے اسے صحیح اسلامی ریاست بنانے کی کوششیں ۳۵ سال گزرنے کے باوجود کامیاب نہیں ہوسکیں۔ ہر مسلمان کا یہ فرض ہے کہ پاکستان کو صحیح اسلامی ملک بنانے اور اس میں شریعت اسلامیہ کے عمل کا نفاذ کرنے کےلئے جدوجہد کرے اور ووٹ کا حق یا ووٹ کا استعمال بھی اسی جدوجہد کا ایک حصہ ہے۔ اس لئے صرف ان جماعتوں اور افراد کو انتخابات میں ووٹ دینا چاہئے کو خود اسلام پر کاربند ہوں اور اسلامی نظام کے نفاذ کےلئے مخلص بھی ہوں اور انہیں قرآن وحدیث اور صحیح دینی تعلیمات کا علم بھی ہو۔

ایک اسلامی ملک میں کسی سیکولر یا غیر اسلامی ذہن 'فرد یا جماعت کو ہرگز ووٹ نہیں دینا چاہئے۔ ووٹ ایک امانت ہے' اس کا غلط استعمال سنگین جرم اور گناہ ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص523

محدث فتویٰ